© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری بات ان کی

○ ہم سب آغا طالش کے قائل ہیں۔(جنگ فورم میں اداکاروں کا طالش کو خراج تحسین)

یہ اقرار جرم ہے۔ گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔

○ قائداعظم کی عزت محفوظ نہ رکھ سکنے والوں کو حکومت میں رہنے کا حق نہیں(راؤ سکندر اقبال)

توہین رسالت کے مرتکب قادیانیوں، عیسائیوں، لبرلز اور سیکولرز کو حکومت میں رہنے کا حق ہے؟

○ میں نے منہ کھولا تو بہت سے چہرے بے نقاب ہو جائیں گے۔(شرمیلا فاروقی)

شرمیلا! منہ کھولیں، پہلے کونسی شرم باقی رہ گئی ہے۔

○ مذہبی جماعتیں قومی دھارے میں آئیں(بے نظیر)

طاہر القادری پر ہی گزارہ کریں

○ میں امیر خاندان میں پیدا ہوئی کہیں بھی رہ سکتی ہوں(بینظیر)

پاکستان کی جان چھوڑ دیں۔ جہاں چاہیں رہیں۔

○ پاکستان کی خاطر عیش کی زندگی ترک کر کے جان جوکھوں میں ڈالی (بے نظیر)

درداں دی ماری جندڑی علیل اے۔

○ جماعت اسلامی "احتساب گروپ" کے نام سے بلدیاتی انتخاب لڑے گی(فرید پراچہ)

کیا کرے گی، کیا لڑے گی۔ ہم نے دیکھا، دنیا دیکھے گی

○ عوامی اتحاد منزل پر پہنچ کر ہی دم لے گا(طاہر القادری)

راستے میں ہی دم نکلے گا(انشاء اللہ)

○ بے نظیر سے اتحاد فطری ہے، عوام اور اسلام کو یکجا کر دیا ہے(طاہر القادری)

نواز شریف سے غیر فطری اتحاد کر کے عوام کو اسلام سے دور کیوں کیا تھا؟

○ نصر اللہ کی سرپرستی سے بننے والا اتحاد خوش آئند ہے۔(منظور وٹو)

نواب صاحب کا اتحاد شروع شروع میں ایسا ہی لگتا ہے۔

○ افغانستان میں خلافت راشدہ کا نظام رائج ہو سکتا ہے۔ پاکستان میں کیوں نہیں؟(عبدالستار نیازی)

یہی سوال آپ سے ہے؟

○ نواز شریف کے ساتھ بیٹھنا گناہ اور اتحاد کرنا گناہ کبیرہ ہے۔(حامد ناصر چٹھہ)

مفتی چٹھہ صاحب! بے نظیر کے ساتھ بیٹھنا اور اتحاد کرنا گناہ صغیرہ ہے؟

○ اجمل خٹک کے بیانات سنجیدگی سے نہ لیں۔ اے این پی سے اتحاد ٹوٹا ہے، تعلق نہیں (چودھری نثار علی)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہائے! تعلق بھی کیا بری شے ہے

- عوامی اتحاد برقرار رہے گا۔ اب کاروان مصطفوی چل پڑے گا (طاہر القادری)

بے نظیر قیادت..... مصطفوی انقلاب
یا للعجب! منہجِ انقلاب

- طاہر القادری کی آمد پر سٹیج دوبار گرا (ایک خبر)

........... بڑا وزن ہے!

- عید کے بعد قربانی کا دور شروع ہو گا (حافظ حسین احمد)

نکاح سے پہلے چھوہارے بانٹے جائیں گے؟

- "محترمہ پاکستانی ہیں"۔ (بے نظیر کے اردو میں دستخط کرنے پر طاہر القادری کا تبصرہ)
- "محترمہ جنتی ہیں" (بے نظیر کے ہاتھ میں تسبیح دیکھ کر طاہر القادری کا تبصرہ)

آئینۂ ایام میں آپ اپنی ادا دیکھ!

- ماضی میں غلطیاں کیں۔ آئندہ نہیں کریں گے۔ (مخدوم شہاب)

آئندہ جرائم کے ثبوت نہیں چھوڑیں گے۔

- بنیاد پرست ہوں جس نے جو بگاڑنا ہے بگاڑ لے۔ (جنرل حمید گل)

دشمن زیر۔ اللہ تمہاری حفاظت کرے!

- اسلام نے عورت کی سربراہی کو حرام نہیں۔ ناپسندیدہ قرار دیا ہے۔ (طاہر القادری)

"بباطن دخترِ انگور کے عشاق کی صف میں!
بظاہر طاہر و منہاج کہلاتے ہیں مولانا!
سنا ہے آج کل اک جیب کتری کی معیت میں
کلام اللہ کی تفسیر فرماتے ہیں مولانا!"

- بیت اللہ میں بیٹھ کر قسم کھاتا ہوں کہ اسلامی نظام ضرور نافذ کیا جائے گا۔ (اسحاق ڈار)

شاید اس کے لئے اللہ تعالیٰ اس رجیم کو تباہ کر کے کوئی نئی قوم لائے گا۔

- کسی کو "ناں" نہیں کر سکتا۔ یہ میری کمزوری ہے۔ (نواز شریف)

آپ اللہ کو مسلسل "ناں" کر رہے ہیں۔

- صدر "اتفاق فونڈری" کے کلرک ہیں۔ (بینظیر)

اکٹھے کام کیا ہو گا۔

- بے نظیر روزانہ نواز شریف کو صلح کا پیغام بھیجتی ہیں۔ (لغاری)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آپ کو اب پتہ چلا! عوام تو یہ جانتے ہیں کہ سب مل ملا کر ملک کو لوٹ رہے ہیں۔

○ ہمارا ایجنڈا اسلامی سوشل آرڈر ہے۔ پیپلز پارٹی سے مل کر انقلاب برپا کریں گے۔ (طاہر القادری)

اندھے کو اندھیرے میں بہت دور کی سوجھی

○ کربلا جیسی صورت حال کا سامنا کرنے کے لئے بھی تیار ہیں۔ (بے نظیر)

"خدا کی شان اک کلمڑی گنجی

حضورِ بلبلِ بوستان کرے نوا سنجی"

○ بل جمع کرائیں یا روزی کمائیں۔ (عوام)

دونوں کام خود کریں۔ قائد اعظم نے فرمایا "کام کام اور بس کام"

○ محکمہ انٹی کرپشن کے ۲ ملازمین کے خلاف رشوت لینے کے الزام میں مقدمہ۔ (ایک خبر)

انٹی کرپشن کا مطلب ہے۔ رشوت لینے والے سے رشوت لے کر اسے چھوڑ دیا جائے

○ بھٹو خاندان کا اقتدار ہمیشہ سے ہی تسلیم نہیں کیا گیا۔ (بے نظیر)

اپنی کرتوتوں پہ نظر ڈالیں۔

○ جعلی پیر نے پولیس کو نذرانہ دیکر مرید بنا لیا۔ (ایک خبر)

ہر مجرم پولیس کا مرید ہے۔

○ دو چہروں والی نے صدر کو بُرا کہا اور اسی داڑھی والے طاہر القادری سے اتحاد کیا (مشاہد)

دل پہ تو کسی کو اختیار نہیں۔ پسند اپنی اپنی، نصیب اپنا اپنا

○ "وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ سکرٹریٹ" خزانے پر بوجھ ہیں ۲ ۷ ہزار ملین سالانہ خرچ ہے۔ (ہائیکورٹ میں آئینی درخواست)

پاس کر یا برداشت کر!

○ حکومت تحریک سے بچنے کے لئے خود ہی استعفیٰ دے دے۔ (نوابزادہ نصر اللہ)

نواب صاحب! تحریک کو چھوڑیں اب آخرت کی فکر کریں۔

○ لمبی داڑھی والے تارڑ ہمیں کیا درس دیں گے۔ (بینظیر)

آپ چھوٹی داڑھی والے سے درس لیتی ہیں؟

○

© rasailojaraid.com